یا رسول اللہ! کیا ہم میں سے کوئی حالت جنابت میں سو سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: ”ہاں، جب تم میں سے کوئی وضو کرلے، تو سو سکتا ہے“

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یا رسول اللہ! کیا ہم میں سے کوئی حالت جنابت میں سو سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: ”ہاں، جب تم میں سےکوئی وضو کرلے، تو سو سکتا ہے“
[صحیح] [متفق علیہ]

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے نبی سے دریافت کیا کہ اگر کسی شخص کو رات کے ابتدائی حصہ میں جنابت لاحق ہو جائے، بایں طور کہ اپنی بیوی سے جماع کر لے، اگرچہ انزال نہ ہوا ہو یا اسے احتلام ہو جائے تو کیا وہ حالت جنابت میں سو سکتا ہے؟ آپ نے نہ انھیں اس کی اجازت دے دی، بشرطے کہ وہ شرعی طریقہ سے وضو کر کے حدث اکبر کو کچھ کم کر لے اس صورت میں جناب کی حالت میں سونے میں کوئی حرج نہیں ہو گا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3021